**Roll No.**______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 3 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی)   گروپ-I

وقت: 30 منٹ   نمبر: 20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. پیاز کس بھاؤ بک ______ ہے:
(A) رہا (B) رہی (C) رہے (D) رہو

2. میں نے گھوڑا گاڑی ______
(A) خریدے (B) خریدی (C) خریدا (D) خرید کرنا

3. صابن سے میل اُتر ______:
(A) گیا (B) گئی (C) گئے (D) جائے

4. دس روپے ______ گوند لا دو:
(A) کا (B) کی (C) کو (D) کے

5. اس نے گھر میں جھاڑو ______:
(A) دیا (B) دی (C) دو (D) دے

6. سبق "اسوہ حسنہ" کے مصنف ہیں:
(A) الطاف حسین حالی (B) شبلی نعمانی (C) سید سلیمان ندوی (D) سرسید احمد خان

7. سچی ترقی کی بنیاد ہے:
(A) افکار عالیہ (B) مالی آسودگی (C) ترقی کی خواہش (D) اپنی مدد آپ کا جذبہ

8. ابوالقاسم زہراوی پیدا ہوئے:
(A) 930ء میں (B) 936ء میں (C) 946ء میں (D) 950ء میں

9. سکینہ کے پاس کتنی رقم باقی تھی؟
(A) ایک روپیا (B) دو روپے (C) ایک چونی (D) ایک آنہ

10. لاہور میں آب رسانی کا منصوبہ کس نے بنایا تھا؟
(A) شیر شاہ سوری نے (B) نظام سقہ نے (C) مغل بادشاہوں نے (D) انگریزوں نے

11. مطلع کے لغوی معنی ہیں:
(A) ابتداء (B) طلوع ہونے کی جگہ (C) غروب ہونے کی جگہ (D) انتہا

12. اصطلاح میں کون سا شعر غزل کا مقطع ہوتا ہے؟
(A) پہلا (B) آخری (C) دوسرا (D) آخری سے پہلا

13. جس غزل میں ردیف ہو اُسے کہتے ہیں:
(A) مردف (B) غیر مردف (C) بلا ردیف (D) ہم قافیہ

14. مطلع کے دونوں مصرعوں کے ہم قافیہ ہونے کے علاوہ کیا شرط لازم ہے؟
(A) دونوں مصرعے ہم ردیف (B) تخلص (C) ہم ردیف و ہم قافیہ (D) غزل کا پہلا شعر

15. اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا   رنج راحت فزا نہیں ہوتا، اس شعر میں قافیہ کیا ہے؟
(A) ذرا، فزا (B) نہیں (C) نہیں ہوتا (D) ذرا نہیں ہوتا

16. تلمیح کے لفظی معنی ہیں:
(A) اشارہ کرنا (B) ادھار دینا (C) مانند قرار دینا (D) ہم شکل

17. ہستی اپنی حباب کی سی ہے   یہ نمائش سراب کی سی ہے، اس شعر میں کون سی اصطلاح استعمال ہوئی ہے؟
(A) استعارہ (B) تشبیہ (C) تلمیح (D) محاورہ

18. کسی شعر یا نثر میں "محمود و ایاز" کا ذکر ہو تو وہ ادبی اصطلاح میں کیا ہے؟
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) محاورہ (D) تلمیح

19. کون سے ارکان طرفین استعارہ کہلاتے ہیں؟
(A) مستعار لہ اور وجہ جامع (B) وجہ جامع اور مستعار منہ (C) مستعار لہ اور مستعار منہ (D) مستعار اور وجہ جامع

20. استعارہ کے ارکان کی تعداد ہوتی ہے:
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

Roll No.______________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 6 | 0 | 2 | 4 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت:30منٹ — نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C, اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A ،B،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1-1. سو روپے ____ زعفران لاؤ:
(A) کا (B) کی (C) کے (D) کو

2. دس روپے ____ دہی لیتے آنا:
(A) کی (B) کے (C) کو (D) کا

3. پیاز کس بھاؤ بک ____ ہے:
(A) رہا (B) رہی (C) رہے (D) رہو

4. یہ راہ کہاں ختم ہو ____؟
(A) گا (B) گے (C) گی (D) گئے

5. دوا کھانے سے قبض ____ :
(A) جاتا رہا (B) جاتے رہے (C) جاتی رہی (D) جاتی ہے

6. وہ تمام امور جو ہمارے افعالِ جسمانی سے تعلق رکھتے ہیں کیلئے کس چیز کی ضرورت ہے؟
(A) نصیحتوں کی (B) عملی نمونے کی (C) تعاون کی (D) خوراک کی

7. سرسید کے خیال میں کون سی چیز انسان کی زندگی کو درست اور علم کو باعمل بناتی ہے۔
(A) تجربہ (B) مشاہدہ (C) تجزیہ (D) آزمائش

8. سرسید احمد خان نے "خطبات احمدیہ" کہاں لکھی تھی:
(A) چین میں (B) جاپان میں (C) سعودی عرب میں (D) ولایت میں

9. عبدالرحمٰن الناصر کے عہد حکومت میں قرطبہ میں کتنی مساجد تھیں:
(A) تین ہزار پانچ سو (B) تین ہزار سات سو (C) تین ہزار آٹھ سو (D) تین ہزار نو سو

10. ادیب اور شاعر کو قمر نے کس کے مشابہ قرار دیا ہے:
(A) باغ سے (B) جنگل سے (C) صحرا سے (D) چراغ سے

11. تلمیح کی نشاندہی کریں۔
(A) آبِ حیات (B) موتیوں جیسے دانت (C) میرا چاند (D) پھول اور کانٹے

12. وہ مشترک صفت جو مستعار لۂ اور مستعار منۂ میں پائی جائے، کہلاتی ہے:
(A) استعارہ (B) وجہ شبہ (C) حرفِ تشبیہ (D) وجہ جامع

13. ارکانِ تشبیہ کتنے ہیں؟
(A) پانچ (B) چار (C) تین (D) دو

14. مشبہ کسے کہتے ہیں؟
(A) وہ شے جس سے تشبیہ دی جائے (B) وہ شے جس کو تشبیہ دی جائے (C) وہ جملہ جس میں وجہ شبہ ہو (D) وہ جملہ جس میں غرض تشبیہ ہو

15. "دیکھو میرا چاند آیا" اس جملے میں مستعار لۂ کیا ہے:
(A) چاند (B) بیٹا (C) دیکھو (D) آیا

16. غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں:
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

17. مقطع کے لغوی معنی ہیں:
(A) طلوع ہونے کی جگہ (B) کاٹنے کی جگہ (C) نکلنے کی جگہ (D) غروب ہونے کی جگہ

18. قافیہ آتا ہے:
(A) ردیف سے پہلے (B) ردیف کے بعد (C) مصرعے کے درمیان (D) مصرعے کے شروع میں

19. اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا — رنج راحت فزا نہیں ہوتا — اس شعر میں ردیف ہے:
(A) ذرا (B) نہیں ہوتا (C) فزا (D) راحت فزا

20. قافیہ کے لغوی معنی ہیں:
(A) سبقت لے جانے والا (B) پیچھے آنے والا (C) پسپا ہونے والا (D) آگے بڑھنے والا